# دلکش فارسی

## درجۂ ششم

DXHVDE

# ଦିଲ୍‌କଶ୍ ଫାର୍ସୀ

## ଷଷ୍ଠ ଶ୍ରେଣୀ


اڈیشا اسکول تعلیمی پروگرام اتھاریٹی، بھوبنیشور

محکمۂ تعلیم اساتذہ اور صوبائی تحقیقی و تربیتی ادارہ برائے تعلیم، اڈیشا، بھوبنیشور

ବିଦ୍ୟାଳୟ ଓ ଗଣଶିକ୍ଷା ବିଭାଗ, ଓଡ଼ିଶା ସରକାର

# دلکش فارسی (تیسری زبان)

## تجرباتی ایڈیشن درجۂ ششم

### مجلسِ ادارت:-

اس کتاب کی ترتیب وتدوین کے لئے اڈیشا سرکار کے محکمۂ تعلیم برائے اسکول اور تدریس عام نیز شعبۂ تحقیق وتربیت برایے تعلیم واساتذہ کی جانب سے منتخب ماہرین تعلیم اور اصحابِ قلم کے اسمایے گرامی :-

- ☆ پروفیسر کرامت علی کرامت
- ☆ سید منظور احمد قاسمی
- ☆ ڈاکٹر شیخ مبین اللہ
- ☆ مولوی محمد مطیع اللہ نازش
- ☆ سید فضل رسول
- ☆ سید معشوق الٰہی خاور نقیب

کوآرڈی نیٹر:

ڈاکٹر تلوتما سیناپتی
ڈاکٹر سبیتا ساہو

ناشر : محکمۂ اسکول و تعلیمِ عامّہ، اڈیشا سرکار

سن اشاعت : 2010
2019

ترتیب : محکمۂ تعلیمِ اساتذہ اور صوبائی تحقیقی وتربیتی ادارہ برائے تعلیم، اڈیشا، بھوبنیشور
اور
ادارۂ نشر واشاعت برائے کتبِ تعلیم وتدریس صوبۂ اڈیشا، بھوبنیشور

مکتبہ : درسی کتاب چھپائی وفروخت، بھوبنیشور

# پیش لفظ

ہمیں انتہائی خوشی ہے کہ ایس سی ای آر ٹی اڈیشا ، درجۂ ششم کے لیے فارسی کی کتاب تیار کرنے میں کامیاب ہوئی ہے۔ پہلی مرتبہ درجہ ششم سے فارسی شروع کی جا رہی ہے۔ اڈیشا کی مسلم اقلیتوں کی دیرینہ مانگ تھی کہ ان کے بچوں کے لیے اڈیشا میں ہی کتابیں تیار کی جائیں تا کہ اردو اور فارسی کی درسی کتابوں کے لیے انہیں دوسری ریاستوں کی کتابوں پر انحصار نہ کرنا پڑے۔ اُن کتابوں کی بروقت دست یابی نہ ہونے کی وجہ سے اساتذہ اور طلباء مشکلات کا سامنا کرتے تھے۔

ہمیں امید ہے کہ ان کتابوں سے انہیں بہت زیادہ فائدہ حاصل ہوگا اور ان کا تعلیمی معیار بلند ہوگا۔

مجلسِ اِدارَت



میں یہ سمجھتا ہوں کہ کتابی علم ہی اصل تعلیم نہیں ہے۔ سچا علم تو کردار سازی اور فرض سے آگاہی ہے۔ اُپنیشدوں کی شرح میں لکھا ہے کہ پہلا آشرم یعنی برہم چریہ آشرم، سنیاس آشرم کے برابر ہے۔ اس کا مجھ پر گہرا اثر پڑا ہے۔ تفریح اور دل لگی صرف ایک خاص عمر تک ہی اچھی لگتی ہے۔ بارہ برس کی عمر کے بعد تفریح اور دل لگی کا بہت ہی کم بلکہ نہیں کے برابر ہی موقع مجھے ملا ہے۔

دنیا میں تین باتیں اہم ہیں۔ ان کو حاصل کر کے تم دنیا کے کسی بھی کونے میں جاؤ گے تو اپنا گزارا کر سکو گے۔ اپنی روح کا اپنے آپ کا اور خدا کا سچا عرفان حاصل کرنا۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ تمہیں کتابی علم نہیں ملے گا وہ تو ملے گا ہی۔ کتابی علم تو اس لیے ہوتا ہے کہ جو کچھ تمہیں ملا ہے اسے تم دوسروں کو دے سکو۔

mkgandhi



# فہرست


| سبق نمبر | موضوع | صفحات |
|---|---|---|
| ۱ - | مناجات/نعت پاک | ۱ |
| ۲ - | درسِ اوّل - اسمایے اشارات | ۲ |
| ۳ - | درسِ دوم - مثبت، منفی و استفهامیہ جملے | ۵ |
| ۴ - | درسِ سوم - مضاف و مضاف الیہ | ۸ |
| ۵ - | درسِ چهارم - مرکبِ اضافی کے جملے | ۱۲ |
| ۶ - | درسِ پنجم - مرکبِ توصیفی - صفت وموصوف | ۱۴ |
| ۷ - | درسِ ششم - واحد و جمع | ۱۸ |
| ۸ - | درسِ ہفتم - اعداد | ۲۳ |
| ۹ - | درسِ ہشتم - روز ہا و ماہ ہایے قمری | ۲۵ |
| ۱۰ - | درسِ نہم - اعضایے بدن | ۲۸ |





# مناجات

کریما بہ بخشایے بر حالِ ما		کہ ہستم اسیرِ کمندِ ہوا
نداریم غیر از تو فریادرس		توئی عاصیاں را خطا بخش و بس

## مفہوم

اے اللہ ہم لوگوں کے حال پر کرم فرما
کہ میں اپنی خواہشات کے پھندے میں گرفتار ہوں
ترے سوا ہمارا کوئی مددگار نہیں
بس تو ہی گنہگاروں کو بخشنے والا ہے

# نعتِ پاک

زباں تا بود در دہاں جایے گیر		ثنایے محمدؐ بود دل پذیر
حبیبِ خدا اشرفِ انبیاء		کہ عرش مجیدش بود متکا

## مفہوم

زبان جب تک منہ میں قائم ہے
حضرت محمد ﷺ کی تعریف دل پسند رہے گی
وہ خدا کے محبوب اور نبیوں میں اشرف ہیں
کہ عرش اعظم ان کی تکیہ گاہ بنا ہے

ہدایت:- اساتذہ، طلبا کو اوپر لکھی گئی ''مناجات'' اور نعتِ پاک ترجمے کے ساتھ زبانی یاد کرائیں۔



# درس اول

## اسمائے اشارات


ماه


آفتاب


طاؤس


ماہی


گُربه


اسپ


فیل


سگ


طوطی


غوک


خیّاط


ضعیف


خرس



آموزگار


شاگرد


موش


قفل


تلفون


شیر


بُز



# این - آن

این ماه است



این طاؤس است



این کتاب است



این خامه است



این مداد است





آن فیل است



آن غوک است



آن ماهی است



آن طوطی است



آن عینک است



# تمرین ۱

(ا) خالی جگہوں کو ''این'' یا ''آن'' سے پُر کیجئے

۱ ______ دوچرخہ است





۲ ______ جوجہ است

۳ ______ قاشق است



۴ ______ قوری است





۵ ______ صندلی است

## راہ نمائی

وہ لفظ جو کسی چیز کی طرف اشارہ کرے اسے اسم اشارہ کہتے ہیں۔ جیسے این مداد - آن اسپ۔
''این'' اشارۂ قریب کے لئے اور ''آن'' اشارۂ بعید کے لیے استعمال ہوتا ہے۔



# درسِ دوم

## مثبت، منفی و استفهامیہ جملے



این چیست ؟

این میز است

آیا این میز است ؟

بلہ! این میز است۔



این چیست ؟

این گربہ است

آیا این گربہ است؟

بلہ ! این گربہ است



این کیست ؟

این مرد است

آیا ! این زن است ؟

نہ خیر، این زن نیست، این مرد است



آں چیست ؟

آں بز است

آیا ! آں گاؤ است ؟

نہ خیر، آں گاؤ نیست، آں بز است



# اشارات

چیست (چہ+است) کیا ہے ؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| آیا / چہ | کیا | میوہ | پھل |
| بلہ | ہاں | شجر | درخت |
| نہ خیر | نہیں | زاغ | کوّا |
| نیست (نہ+است) | نہیں ہے | انبہ | آم |
| کیست (کہ+است) | کون ہے | | |

## تمرین - ۲

۱ - فارسی میں ترجمہ کیجیے :

(i) - یہ کیا ہے ؟ (ii) - یہ بلی ہے۔ (iii) - یہ کون ہے؟ (iv) - یہ عورت ہے

(v) - کیا یہ درخت ہے؟ (vi) - نہیں، یہ درخت نہیں ہے، یہ پھل ہے ۔

۲ - خالی جگہوں کو پُر کیجیے :



آں........................ است



آیا ! آں ................ است؟





آں .................... است



آیا ! ایں ............... است ؟



نہ خیر، آں بیضہ نیست - آں ............... است

۳ - مندرجہ ذیل الفاظ کو "آں" اور "ایں" لگا کر مشق کیجیے اور جملے بنائیے ۔

استاد - دوچرخہ - قوری - مداد - اسپ - کلاہ - قاشق۔

## راہ نمائی (برائے استاذ)

مثبت :- وہ جملہ ہے جس سے کسی چیز کا ہونا یا کرنا ظاہر ہو ۔

منفی :- وہ جملہ ہے جس سے کسی چیز کا نہ ہونا یا نہ کرنا ظاہر ہو۔

استفہام:- وہ جملہ جس میں کوئی سوال پوچھا جایے۔

طلبا کو یہ بھی بتایا جایے کہ انسانوں کے لیے ''کیست'' اور انسانوں کے علاوہ سب کے لیے ''چیست'' کا استعمال بطور استفہام ہوتا ہے۔



# درس سوم

## مضاف و مضاف‌الیه



خانم آموزگار



خادمه



عُصفور




کشتی



کلید




ساعت/زنگ



مطبخ



میز



سوزن



صندوق



کارد



مگس




دبیرستان



ضعیفه



شمع



# مضاف و مضاف الیہ

نامِ خدا - رسولِ خدا - آبِ دریا - شیرِ گاؤ - خرِ عیسیٰ

نانِ گندم - نمازِ مغرب - کاردِ احمد - پسرِ حامد - روزِ جمعہ

ماہِ رمضان - صندوقِ احمد - شمعِ خواہر - سوزنِ نسیمہ

چادرِ ضعیفہ - ساعتِ خالد - زنگِ دبیرستان - خاکِ ہند

لانۂ عصفور - کلیدِ قفل - خادمۂ مطبخ - دخترِ خانمِ آموزگار

مادرِ سلیم - سبدِ گل - تارِ عنکبوت - دندانِ سگ - چشمِ آہو

روے من - پاے پسر - کتابش - اسپم - چشمت

گربہ اش - خانہ ام - خانہ ات - بادِ شمال - شاہِ مشرق

زمینِ مغرب - دریاے جنوب - مادرِ ما - پدرِ شما - غمِ آنہا

شما - (تم - تمہارا) آنہا - (وہ سب/ان لوگوں کا)



# اشارات

| | | |
|---|---|---|
| آب - پانی | خانمِ آموزگار - استانی | |
| شِیر - دودھ | سبد - ٹوکری | ما - ہم/ہمارا |
| خر - گدھا | تار - جالا | باد - ہوا |
| نان - روٹی | عنکبوت - مکڑی | مشرق - پورب |
| گندم -گیہوں | دندان - دانت | مغرب - پچھّم |
| پسر - لڑکا | آہو - ہرن | شمال - اتر |
| خواہر - بہن | من - میں/میرا | جنوب - دکھن |
| زنگ - گھنٹی | ش - اسکا | |
| خاک - مٹی | ت - تیرا | |
| لانہ - گھونسلہ | م - میرا | |
| دختر - لڑکی/بیٹی | خانہ - گھر | |



## تمرین

۱ خالی جگہوں کو مناسب مضاف الیہ سے پُر کیجیے۔ جیسے :- شیرِ دشمنِ آہو است ۔

(i) گربہ دشمنِ ................ است (ii) سگ دشمنِ ................ است (iii) ایں کتاب ................ است

(iv) آں خانۂ ..................... است (v) ایں سبدِ ..................... است

۲ مندرجہ ذیل الفاظ سے پہلے مناسب مضاف لکھیے جیسے سگِ کلیم (کلیم کا کتا)

................ حلیمہ ................ نسیمہ ................ ات ................ ش

................ ام ................ م ................ ت

۳ فارسی میں کہیے:-

| | |
|---|---|
| صبح کی نماز ................ | خدا کا کلام ................ |
| تیری بہن ................ | احمد کا لب ................ |
| میری ماں ................ | میرا قلم ................ |
| دریا کا پانی ................ | تیری تختی ................ |
| اس کی نماز ................ | طور کا پہاڑ ................ |

## راہنمائی

مضاف :- جس لفظ کی نسبت دوسرے کی طرف کی جایے اسے مضاف کہتے ہیں۔

مضاف الیہ :- کسی شخص یا چیز کی طرف جس کی نسبت کی جایے وہ مضاف الیہ ہے۔

جیسے ''آبِ دریا'' میں ''آب'' مضاف اور ''دریا'' مضاف الیہ ہے۔ واضح ہو کہ فارسی میں پہلے مضاف اور بعد میں مضاف الیہ آتا ہے۔ جبکہ اردو میں اس کے برعکس ہے۔



# درس چهارم

## مرکّبِ اضافی کے جملے

آیا، این کتابِ احمد است ؟




نه خیر، این کتاب محمود است.



این چیست ؟

این خوشهٔ انگور است.





این لانهٔ کبوتر است.

آن تارِ عنکبوت است.



آیا، این شجرِ موز است؟

بله، این شجرِ موز است.



آیا، آبِ دریا پاک است؟

بله، آبِ دریا پاک است.



دوچرخهٔ سلیم بسیار قشنگ است.



پسرِ حامد بسیار ذهین است.

این خانهٔ برادر است.




آیا، آن دخترِ خاله است ؟



نه خیر، آن دخترِ عمه است.



این دستمالِ اختر است.



آن نانِ گندم است.



# اشارات

خوشه - گچھا

موز - کیلا

آب - پانی

بسیار - بہت

قشنگ - خوبصورت

عمه - چچی

دستمال - رومال

گندم - گیہوں

# تمرین

١ فارسی بنائیے :-

یہ حمید کی پنسل ہے - حامد کا بھائی بیمار ہے - کیا یہ بھائی کی کتاب ہے ؟

نہیں، یہ بہن کی کتاب ہے - یہ لڑکی کند ذہن ہے - یہ آم کھٹا ہے - کشمیر کا سیب میٹھا ہے

٢ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے :-

(جوان - انبه - پاک - ذہین - گرم - زاغ)

پسرم ........... است - برادرشما ........... است - آن شجر........... است

آب چاه ........... است - نان جو........... است - رنگ........... سیاه است



# درسِ پنجم

## مرکبِ توصیفی - صفت و موصوف

خدائے بزرگ

رسولِ کریمؐ

مردِ دانا



طفلِ غبی



گلِ سرخ



راهِ راست



کلاهِ سرخ




خُوے زِشت

آبِ سرد


پیراهنِ تو





# مرکبِ توصیفی - صفت و موصوف

نانِ گرم



هُتل قشنگ



دخترِ زیرک



کفشِ نو



طفلِ فربه



شوکولاتِ شیرین



قلمِ قشنگ



دکتورِ حاذق



انبهٔ شیرین



چشمِ سیاه



کتابِ نو



جامهٔ زرد





# اشارات

| | |
|---|---|
| سرخ - لال | پیراہن - کرتا |
| زرد - پیلا | ہتل - ہوٹل |
| سرد - ٹھنڈا | شوکولات - چاکلیٹ |
| فربہ - موٹا | کفش - جوتا |
| غبی - کند ذہن | دکتور - ڈاکٹر |
| راہِ راست - سیدھا راستہ | حاذق - ماہر/ تجربہ کار |
| خوبے زِشت- بُری عادت | کریم - کرم فرمانے والا |

# تمرین

۱- فارسی میں کہیے :-

اچھا لڑکا - سفید بلی - لال پھول - کالا کتا - ٹھنڈی ہوا
تیز چھری - صاف کمرہ - نیا ڈاکخانہ - خوش دل - کنجوس آدمی
اچھی عادت والا لڑکا - بیمار عورت - پالتو بکری- کھٹا سیب۔

۲- اردو میں کہیے:-

خدایے کارساز-آبِ پلید -کتابِ خوشخط - نانِ گرم - دخترِ نیک
برادرِ زیرک - مردِ جاں باز - اسپِ چابک - لطفِ عمیم - دکتورِ حاذق



۳۔ تصویر دیکھ کر خالی جگہوں میں صفت لکھئے:۔

(i) کلاہ ........................ 

زاغ ........................ 

طفل ........................ 

زن ........................ 

رنگ ........................ 

## راہ نمائی

صفت - جو لفظ اسم کی حالت یا کیفیت بیان کرے وہ صفت ہے۔


موصوف - جس کی صفت بیان کی جایے وہ موصوف ہے۔جیسے ''آبِ پلید'' میں ''آب'' موصوف ہے اور ''پلید'' صفت - یاد رکھیے فارسی میں پہلے موصوف اور بعد میں صفت آتی ہے جبکہ اردو میں اس کے برعکس ہے۔




DZC2PX

# درس ششم

## واحد و جمع

مرد  مرداں 

طفل  طفلاں 

دختر  دختراں 

زن  زنان 

جامہ  جامہ ہا 

دست  دستہا 



# واحد اور جمع

اسپ  اسپ ها 

ماهی  ماهی ها 

قلم  قلم ها 

صندلی  صندلی ها 

زاغ  زاغ ها 

کنجشک  کنجشک ها 

چشم  چشم ها 



آنان دختران اند - اینان طفلان اند۔

دراطاق بسیار دختران بودند - این جابسیار زنان اند۔

درکوچہ بسیار سگان اند - حامد در بازار جامہ ہا ومیوہ ہا خرید۔

درصندوقِ شما بسیار کاغذہا، بیاض ہا، قلم ہا و مداد ہا اند ۔

خانہ ہا در شہرِ کٹک بسیار خوب اند ۔ کلیم از بازار

ماہی ہا نہ خرید- در دبستان بسیار شاگردگان اند۔ ماہی گیران

برکنار نہر اند -چشمانِ نرگس خوب اند- بندگانِ خدا

درمسجد اند - کنجشک ہا، حمام ہا، وزاغ ہا برشاخِ صنوبر اند -



# اشارات

اطاق - کمرہ

اینان - یہ لوگ

آنان - وہ لوگ

ماہی گیر - مچھلی پکڑنے والا

کنجشک - گوریّا-گھرچڑیا

حمام - کبوتر

اند - ہیں

بود - تھا

بودند - تھے

سقف - چھت

کوچہ - گلی

مصدر یاد کیجئے۔

خریدن - خریدنا

آراستن - سجانا/سنوارنا

آموختن - سیکھنا

ایستادن - کھڑے ہونا

دیدن - دیکھنا

دادن - دینا

## تمرین



۱ فارسی میں کہیے:- (i) صندوق میں کتابیں ہیں (ii) لڑکیاں چھت پر ہیں (iii) بہت سے کتے گلی میں ہیں (iv) چڑیاں درخت پر ہیں (v) بلیاں کمرے میں ہیں۔

۲ مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع بتائیے:-

بیاض - بندہ - چشم - کتاب - کار - دست

انگشت - جامہ - خار - گُل - رفیق - طالب۔

۳ ذیل کے الفاظ میں سے واحد کی جمع اور جمع کا واحد بتائیے ۔

پسر - دختران - کتاب ہا - جامہ ہا - صندلی

کوچہ - طالب - گل ہا - طفل - بندگان۔

## راہنمائی

ایک کو ''واحد'' کہتے ہیں اور ایک سے زیادہ کو ''جمع'' کہتے ہیں۔

واحد سے جمع بنانے کے قاعدے یہ ہیں:- جاندار اسم کے آگے ''ان'' اور بے جان کے آگے ''ہا'' لگا کر جمع بناتے ہیں۔ مثلاً مرد سے مردان- کار سے کارہا،

چڑیاں اور چھوٹے جانوروں کی جمع ''ہا'' لگانے سے بنتی ہے اوران کے لیے فعل واحد آتا ہے اگر کسی لفظ کے آخر میں ''ہ'' آیے تو اس کو ہٹا کر ''گان'' لگا دیتے ہیں جیسے بندہ سے بندگان - اور اگر کسی اسم کے آخر میں ''و'' یا ''الف'' آیے تو ''یان'' لگا کر جمع بناتے ہیں جیسے دانا سے دانایان-خوبرو سے خوبرویان وغیرہ۔



# درس هفتم

## اعداد

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یک ۱ | دو ۲ | سه ۳ | چهار ۴ | پنج ۵ |
| شش ۶ | هفت ۷ | هست ۸ | نهه ۹ | ده ۱۰ |
| یازده ۱۱ | دوازده ۱۲ | سیزده ۱۳ | چهارده ۱۴ | پانزده ۱۵ |
| شانزده ۱۶ | هفت ده ۱۷ | هشت ده ۱۸ | نوزده ۱۹ | بست ۲۰ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سی | چهل | پنجاه | شصت | هفتاد | هشتاد | نود | صد |
| ۳۰ | ۴۰ | ۵۰ | ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ | ۱۰۰ |



# تمرین

۱ - مندرجہ ذیل اعداد کو فارسی میں لکھیے :-

۲۲ - ۳ - ۱۴ - ۱۹ - ۷ - ۱۰ - ۱۵ - ۴ - ۲۵ - ۳۰

۲ - نیچے دی گئی تصویروں کو گن کر خالی جگہوں کو فارسی لفظوں سے پُر کیجیے ۔

...................... اسپ ہا 

...................... گل ہا 

...................... حمام ہا 

...................... زاغ ہا 

...................... مداد ہا 

# راہ نمائی

-: اساتذہ کو چاہیئے طلبا کو اعداد کا مشق کرائیں۔

-: مندرجہ ذیل مصادر بچوں کو یاد کرائیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آمدن | رفتن | گفتن | فروختن | پوشیدن | خوردن | خواندن |
| آنا | جانا | کہنا | بیچنا | چھپانا/ پہننا | کھانا | پڑھنا |



# درس ہشتم

## روز ہا و ماہ ہایِ قمری

شنبہ یکشنبہ دوشنبہ سہ شنبہ چہارشنبہ پنجشنبہ جمعہ

یک ماہ چہار ہفتہ دارد -در سال دوازدہ ماہ اند- شنبہ اول روزِ ہفتہ است ۔
مسلمانان بروز جمعہ تعطیل می کنند و نماز می گزارند - روزِ شنبہ یہودان تعطیل می کنند -
روزِ یکشنبہ ، نصرانیان تعطیل می کنند - روزِ دوشنبہ حضرت رسولِ خدا ﷺ پیدا شدند -
وہمیں روز وفات یافتند - روز پنجشنبہ حضرت رسولِ خدا ﷺ از مکہ مکرمہ بسوی
مدینہ منورہ ہجرت کردند - روزِ جمعہ عیدِ ہفتہ است - یک سال سی صد و شصت و پنج
روز ہا دارد۔

## ماہ ہایِ قمری ازیں قرار است :-

محرّم - صفر - ربیع الاوّل - ربیع الآخر - جمادی الاوّل - جمادی الآخر
رجب - شعبان - رمضان - شوال - ذی قعدہ - ذی الحجہ

☆☆☆

یکم شوال عید الفطر است - دہم ذی الحجہ عیدِ قربان است - نہم ذی الحجہ
یومِ عرفہ است و مسلمانان فریضۂ حج ادا کنند - پانزدہم شعبان شبِ برأت است۔
در ماہِ رمضان زکاۃ می دہند و روزہ ہا می گیرند- دہم محرم روزِ عاشورہ است
و بہ ہمیں روز حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ در کربلا شہید شدند- مشہور آنست کہ ولادتِ
رسولِ خدا ﷺ دوازدہم ربیع الاول است۔



## اشارات

تعطیل - چھٹی

یہودان - یہودی کی جمع

نصرانیاں - نصرانی کی جمع

وفات - انتقال

شد - ہوا

شدند - ہوئے

می دہند - دیتے ہیں

می گیرند - رکھتے ہیں

یکم - اول/پہلا

دہم - دسویں

نہم - نویں

پانزدہم - پندرہویں

دوازدہم - بارہویں

امروز - آج

دیروز - گزشتہ کل

پری روز - آئندہ کل

## تمرین

(۱) فارسی میں کہیے:-

آج سنیچر ہے - کل جمعہ تھا - کل اتوار ہوگا - آج منگل ہے - گذشتہ کل پیر تھا -
آئندہ کل بدھ ہے - آج جمعرات ہے - یہ محرم کا مہینہ ہے -
ذی الحجہ میں فریضۂ حج ادا کرتے ہیں - دسویں محرم میں روزہ رکھتے ہیں۔

(۲) مندرجہ ذیل دنوں کو ترتیب سے لکھیے : -

سہ شنبہ - یک شنبہ - چہارشنبہ - جمعہ - دوشنبہ - شنبہ - پنج شنبہ

(۳) مندرجہ ذیل مہینوں کو ترتیب سے لکھیے:-

رمضان - صفر - جمادی الاول - محرم - ربیع الآخر - شوال -
رجب - ذی الحجہ - ذی قعدہ - ربیع الاول - شعبان - جمادی الآخر -



(۴) خالی جگہوں کو پُر کیجیے: -

یکم ...................... عیدالفطر است - دہم ...................... عیدِ قربان است۔

درنہم ...................... مسلمانانِ عالم فریضۂ حج ادا کنند۔

پانزدہم ...................... شبِ برات است۔

بست ہفتم ...................... شبِ معراج است۔

در ماہِ رمضان مسلمانان ...................... می گیرند۔

## راہنمائی

اساتذہ طلبا کو اعداد کی ترتیب خوب اچھی طرح سمجھا دیں جیسے یک سے یکم دو سے دوم وغیرہ۔
طلبا کو دنوں اور مہینوں کے نام اچھی طرح یاد کرا دیے جائیں تا کہ وہ عام بول چال میں استعمال کر سکیں۔

چند مصادر اور ان کے معنی : -

آفریدن - پیدا کرنا

آغازیدن - شروع کرنا

آلودن - آلودہ ہونا / کرنا

بودن - ہونا

باریدن - برسنا

دیدن - دیکھنا

دانستن - سمجھنا ، جاننا

نوشتن - لکھنا

خندیدن - ہنسنا

خفتن - سونا

خوابیدن - سونا


گرفتن - پکڑنا / اختیار کرنا



E14PUV

# درس نهم

## اعضاے بدن




این سرم است - سرم درد می کند - من دو چشم دارم - چشم نازک ترین عضوِ بدن است - چشم براے دیدن است - گوش براے شنیدن است - من دو گوش دارم - من یک بینی دارم - بینی براے بوئیدن و نفس کشیدن است - براے کار کردن من دو دست ها دارم - در هر دست پنج انگشت ها اند- من دو پا ها دارم - من یک زبان دارم، و زبان براے گفتن است- زبان از کذب پاک دارید-



## اشارات

عضو - بدن کا حصہ

برایے - لیے

شنیدن - سننا

گوش - کان

بوئیدن - سونگھنا

نفس - سانس

کشیدن - کھینچنا

انگشت - انگلی

کردن - کرنا

نازک ترین - سب سے زیادہ نازک

گفتن - کہنا

کذب - جھوٹ

درد می کند - درد کرتا ہے

دارم - میں رکھتا ہوں

من بینم - میں دیکھتا ہوں

آہو - ہرن

دندان - دانت

## تمرین

ا فارسی میں کہیے:

میں ایک کتاب رکھتا ہوں - ہاتھی بہت بڑے کان رکھتا ہے ۔

ہرن کی آنکھیں بہت خوبصورت ہیں - احمد کا بھائی بہت ذہین ہے -

میرا بھائی اسکول میں ہے - اسکول کا نام "عالی شان اردو پرائمری اسکول" ہے ۔

میرے دو پیر ہیں - پیر چلنے کے لیے ہیں - میرے سر کا بال کالا ہے ۔

۲ جملے بنائیے:- گوش - بینی - دست - پا - دہن - انگشت - دندان

۳ خالی جگہوں کو پُر کیجئے :-

گوش برایے ..................... است۔ چشم برایے.....................است

بینی برایے ..................... است۔ دست برایے.....................است



# راہنمائی

اساتذہ طلبا کو تصویر کی مدد سے بدن کے اعضاء کی پہچان کرا دیں اور سوال و جواب میں ان لفظوں کو استعمال کرنے کی کوشش کریں۔

☆☆☆